# 16-08-2024 FRIDAY URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں :

☆ ماہر تعلیم ایم کودنڈا رام اور صحافی عامر علی خان نے آج ریاستی قانون ساز کونسل کے رکن کی حیثیت سے حلف لیا۔

☆ اسرو کے چیئرمین سومناتھ نے کہا کہ گگن یان پہلا غیر انسانی مشن اس سال کے اختتام تک لانچ کیا جائے گا۔

☆ نئی دہلی میں آج سال 2022 کے 70 ویں نیشنل فلم ایوارڈس کا اعلان کیا گیا۔

☆ ریاستی خواتین کمیشن نے بی آر ایس کے کارگذار صدر کے تارک راما راؤ کے خواتین سے متعلق نازیبا بیان کا از خود نوٹس لیا ہے۔

☆☆☆☆☆

ماہر تعلیم ایم کودنڈا رام اور صحافی عامر علی خان نے آج ریاستی قانون ساز کونسل کے رکن کی حیثیت سے حلف لیا۔ کونسل کے چیئرمین سکھیند ر ریڈی نے اپنے چیمبر میں وزیر ریونیو سرینواس ریڈی اور وزیر ٹرانسپورٹ پونم پربھاکر اور دیگر کانگریس قائدین کی موجودگی میں دونوں کو حلف دلایا۔ حلف لینے کے بعد پروفیسر کودنڈا رام نے انھیں نامزد کرنے پر وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی کا شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے میڈیا نمائندوں سے بات کرتے ہوئے کہا کہ وہ تلنگانہ کی تحریک میں شامل ہونے والے اور اپنی جان کا نذرانہ دینے والوں کی امنگوں کو پورا کرنے کیلئے کام کریں گے۔ کودنڈا رام نے کہا کہ کئی افراد کی قربانیوں کی وجہ سے انہیں آج یہ مقام حاصل ہوا ہے۔ کودنڈا رام تلنگانہ جن سمیتی کے سربراہ ہیں اور انہوں نے گزشتہ اسمبلی انتخابات میں کانگریس پارٹی کی حمایت کی تھی۔ عامر علی خان اردو کے موقر اخبار روزنامہ سیاست کے ایڈیٹر ہیں۔ رواں سال جنوری میں حکومت نے گورنر کوٹہ کے تحت دونوں کو ایم ایل سی نامزد کیا تھا تاہم ہائی کورٹ کے احکامات کے بعد حلف برداری تقریب کو ملتوی کردیا گیا تھا۔ بی آر ایس قائدین ڈی شراون اور کے ستیہ نارائنا نے عدالت میں عرضی داخل کی تھی۔

☆☆☆☆☆

پدم ایوارڈس 2025 کیلئے نامزدگیاں آئندہ مہینہ کی پندرہ تاریخ تک داخل کی جاسکتی ہیں۔ خواہشمند افراد راشٹریہ پرسکار پورٹل awards.gov.in پر اپنی نامزدگی داخل کرسکتے ہیں۔ پدما ایوارڈ ملک کے اعلیٰ ترین شہری اعزاز میں سے ایک ہے۔ یہ ایوارڈ تین زمروں میں دیا جاتا ہے۔ ہر سال یوم جمہوریہ کے موقع پر ان ایوارڈس کا اعلان ہوتا ہے۔

☆☆☆☆☆

اسرو کے چیئرمین سومناتھ نے کہا کہ اس سال کے اختتام تک گگن یان مشن لانچ کرنے کی تیاریاں کی جارہی ہیں۔ گگن یان پہلا غیر انسانی مشن ہوگا۔ میڈیا سے بات کرتے ہوئے اسرو کے چیئرمین نے کہا کہ راکٹ کے تمام اجزاء ستیش دھون اسپیس سنٹر پہنچ چکے ہیں اور اب راکٹ کی تیاری کیلئے کام شروع کیا جائے گا۔ اس موقع پر سومناتھ نے کہا کہ اس مشن کے ذریعہ گاما ریس اور کاسمیک الٹرا ریڈیشین کا پتہ لگایا جائے گا تاکہ خلاء میں روانہ کردہ کسی بھی مشن میں خلا بازوں کے تحفظ کو یقینی بنایا جاسکے۔

☆☆☆☆☆

محکمہ موسمیات نے جانکاری دی ہے کہ تلنگانہ کے مختلف اضلاع عادل آباد، کومارم بھیم آصف آباد، منچریال، نرمل، نظام آباد، جگتیال، پداپلی، محبوب نگر، ناگر کرنول، ونپرتی، نارائن پیٹ، جوگولامبا گدوال کے مختلف مقامات پر آئندہ چوبیس گھنٹوں کے دوران شدید بارش ہوسکتی ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق وقار آباد، سنگا ریڈی، محبوب نگر، ناگر کرنول، ونپرتی، نارائن پیٹ، جوگولامبا گدوال میں کل بارش کا امکان ہے۔ آئندہ اڑتالیس گھنٹوں کے دوران تلنگانہ کے تمام اضلاع میں گرج چمک اور تیز ہوائیں چل سکتی ہیں۔ گزشتہ چوبیس گھنٹوں کے دوران حیدرآباد، رنگاریڈی اور ناگر کرنول میں موسلا دھار بارش ہوئی ہے۔

☆☆☆☆☆

ورالکشمی ورتھم کے موقع پر وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے تلنگانہ کی خواتین کومبارک باد پیش کی اورانہیں مہالکشمی سے تعبیر کیا۔وزیراعلیٰ نے اپنے پیغام میں اس امید کا اظہار کیا کہ ریاست کے ہر گھر پر مہاورالکشمی کا آشیرواد ہوگا۔

☆☆☆☆☆

ہندوستان میں اگنی میزائل کے روح رواں سمجھے جانے والے ڈاکٹر رام نارائن اگروال کی آخری رسومات کل پورے سرکاری اعزاز کے ساتھ ادا کی جائے گی۔سرکاری اعلامیہ کے مطابق ڈاکٹر اگروال کا کل حیدرآباد میں انتقال ہوا۔وزیراعلیٰ ریونت ریڈی کی ہدایت پر چیف سکریٹری شانتی کماری نے احکامات جاری کئے کہ ریاستی حکومت رام نارائن اگروال کی سرکاری اعزاز کے ساتھ آخری رسومات انجام دے گی۔دفاعی شعبہ میں ڈاکٹر اگروال کی خدمات کے اعتراف میں مرکزی حکومت نے سال 1990ء میں انہیں پدم شری اور سال 2000 میں پدم بھوشن سے نوازا تھا۔ڈاکٹر اگروال نے ڈاکٹر ارونا چلم اور ڈاکٹر اے پی جے عبدالکلام کے ہمراہ کام کیا اورانہوں نے 1983 کے میزائل پروگرام میں اہم کردارادا کیا تھا۔

☆☆☆☆☆

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نئی دہلی کے دورہ پر ہیں جہاں وہ پارٹی قائدین سونیا گاندھی، راہول گاندھی اور کے سی وینوگوپال سے ملاقات کریں گے۔اس دوران ریونت ریڈی نئے صدر کے انتخاب سمیت پارٹی کے حالات سے اعلیٰ قیادت کوواقف کروائیں گے۔اس کے علاوہ وہ اپنے بیرونی دوروں کے دوران سرمایہ مشغول کرنے کے تعلق سے بتائیں گے۔ذرائع کا کہنا ہے کہ ریونت ریڈی ریاستی کابینہ میں توسیع کے سلسلہ میں بھی بات کرسکتے ہیں۔اسی دوران وزیراعلیٰ نے فاکس کان کے سی ای او اور چیئرمین ینگ لیو سے ملاقات کی اورانہیں تلنگانہ میں سرمایہ کاری کے امکانات سے واقف کروایا۔اس دوران فاکس کان کے چیئرمین ینگ لیو نے صنعتی شعبہ سمیت دیگر شعبوں میں شہر حیدرآباد کی اہمیت کواجاگر کیا۔اس موقع پر لیو نے کہا کہ وہ اپنی ٹیم کے ہمراہ بہت جلد حیدرآباد کا دورہ کریں گے۔

☆☆☆☆☆

ریاستی کانگریس نے تلنگانہ خواتین کے تعلق سے بی آر ایس کے کارگذار صدر کے ٹی راماراؤ کے حالیہ بیان پر شدید ناراضگی کا اظہار کیا۔تارک راماراؤ نے خواتین کیلئے بس میں سفر کی اسکیم کے تعلق سے نازیبا الفاظ کا استعمال کیا تھا جس پر برہمی ظاہر کرتے ہوئے کانگریس نے ریاست بھر میں احتجاج کیا اور کے ٹی آر کا علامتی پتلا بھی نذرآتش کیا۔ریاستی وزیر بہبود خواتین واطفال سیتا کا نے سوال کیا کہ بس میں ادرک لہسن چھیلنا یا اس طرح کی دیگر سرگرمیاں کرنا خواتین کیلئے غلط ہے کیا۔اسی دوران ریاستی خواتین کمیشن نے تارک راماراؤ کے بیان کا ازخود نوٹس لیا ہے۔کمیشن کی چیئرپرسن این شاردھا نے ایک سوشیل میڈیا پوسٹ کے ذریعہ کہا کہ کے ٹی آر کے ریمارکس خواتین کی تضحیک کرنے کے مقصد سے کئے گئے تھے اوراس معاملہ کی جانچ کی جائے گی۔بی آر ایس کے کارگذار صدر کے ٹی آر نے ایک ٹوئیٹ کے ذریعہ معافی مانگی ہے اوراپنے بیان پر افسوس کا اظہار کیا ہے۔انہوں نے کہا کہ ان کا مقصد خواتین کی توہین کرنا نہیں تھا۔

☆☆☆☆☆

نئی دہلی میں آج سال 2022 کے 70ویں نیشنل فلم ایوارڈس کا اعلان کیا گیا۔کان تارا فلم میں بہترین اداکاری کیلئے ریشپ شٹی کوبہترین اداکار کے ایوارڈ کیلئے منتخب کیا گیا۔تمل فلم تروچی ترم بلم کی اداکارہ نتیا مینن کوبہترین اداکارہ اور گجراتی فلم کچ ایکسپریس کیلئے مانسی پاریک کومنتخب کیا گیا۔ملیالم فلم آٹم کو بہترین فیوچر فلم اور آئنہ کوبہترین نان فکشن فلم قرار دیا گیا۔سورج برجاتیا کو ان کی فلم اونچائی کیلئے بہترین ڈائرکٹر ایوارڈ کیلئے منتخب کیا گیا۔فیوچر فلم زمرہ میں بہترین ہندی فلم کا ایوارڈ گل مہر کوملا۔

☆☆☆☆☆

اسرو نے آج زمین کا مشاہدہ کرنے والے سیٹلائیٹ اور SRO ڈیموسیاٹ کو کامیابی کے ساتھ خلا میں روانہ کیا۔SSLV کا یہ تیسرا ڈیولپمنٹ فلائیٹ تھا اوراس کے ذریعہ خلاء میں چھوٹے اور نیا نو سیٹلائیٹس کو بھیجنے کی ہندوستانی صلاحیتوں کا پتہ چلتا ہے۔خلائی گاڑی کوروانہ کرنے کے تینوں مراحل کامیاب رہے۔دونوں سیٹلائیٹس کو 475 کیلومیٹر سرکولر آربیٹ میں روانہ کیا گیا اور سولار پینل بھی تعینات کئے گئے۔اسرو کے مختلف گراؤنڈس اسٹیشنس سے ان سیٹلائیٹس کا جائزہ لیا جاتا رہے گا۔آندھراپردیش کے سری ہری کوٹہ میں واقع ستیش دھون اسپیس سنٹر سے آج صبح نوبجکر سترہ منٹ پر ایس ایس ایل وی D3 کو خلاء میں روانہ کیا گیا۔